تحقیق میں شرکت کے لیے رضامندی

آپ کو ایک تحقیقی مطالعہ میں حصہ لینے کے لیے کہا جا رہا ہے۔ رضامند ہونے سے پہلے، یہ ضروری ہے کہ آپ کو تحقیقی مطالعے کا ایک خلاصہ آپ کو فراہم کیا جائے۔ اس خلاصے میں ایسی بنیادی معلومات ہونی چاہیئے جس سے آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے کہ آپ کن وجوہات سے اس مطالعے میں شامل ہونا چاہ سکتے ہیں یا نہیں چاہ سکتے ہیں۔

رضامند ہونے سے پہلے، تحقیق کنندہ کے لیے آپ کو درج ذیل کے بارے میں بتانا ضروری ہے:

(i) تحقیق کے مقاصد، کارروائیاں، اور دورانیہ؛
(ii) کوئی بھی ایسی کارروائیاں جو تجرباتی ہوں؛
(iii) اس تحقیق سے متعلق کوئی معقول حد تک قابل پیش گوئی خطرات، بے آرامیاں اور فوائد؛
(iv) کوئی ممکنہ فائدہ مند متبادل کارروائیاں یا معالجے؛
(v) رازداری کو کیسے برقرار رکھا جائے گا؛ اور
(vi) سوالات، شکایات اور ضرر کی صورت میں، کن سے رابطہ کیا جائے۔

جہاں قابل اطلاق ہو، تحقیق کنندہ کو آپ کو درج ذیل کے بارے میں بھی بتانا ضروری ہے:

(i) ضرر واقع ہونے کی صورت میں، کوئی دستیاب معاوضہ یا طبی معالجہ؛
(ii) غیر متوقع خطرات کا امکان؛
(iii) ایسے حالات، جب تحقیق کنندہ آپ کی شرکت کو روک سکتا ہے؛
(iv) آپ پر کوئی اضافی لاگتیں؛
(v) اگر آپ شرکت کو روکنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو کیا ہوگا؛
(vi) آپ کو ایسی نئی دریافتوں کے بارے میں کب بتایا جائے گا، جو آپ کی شرکت کرنے کی خواہش پر اثر انداز ہو سکتی ہے؛
(vii) مطالعے میں کتنے لوگ ہوں گے؛ اور
(vii) آپ کو مطالعہ کے لیے کیسے اپنی طبی معلومات کے استعمال کی اجازت دینے کی ضرورت ہوگی۔

اس تحقیق میں آپ کی شرکت رضا کارانہ ہے، اور اگر آپ شرکت سے انکار کریں یا اسے روکنے کا فیصلہ کریں تو آپ پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کیا جائے گا یا آپ فوائد سے محروم نہیں ہوں گے۔ اس دستاویز پر دستخط کرنے کا مطلب ہے کہ تحقیقی مطالعہ، بشمول مندرجہ بالا معلومات، آپ کے سامنے زبانی طور پر بیان کی گئی ہے، اور یہ کہ آپ رضاکارانہ طور پر شرکت کے لیے آمادہ ہیں۔ اگر آپ شرکت پر آمادہ ہوں تو، یہ ضروری ہے کہ آپ کو اس دستاویز کی ایک دستخط شدہ نقل اور انگریزی زبان میں تحقیق کا ایک تحریری خلاصہ دیا جائے۔

سوالات ہیں؟

اگر اس تحقیق کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ، شکایات، ضرر یا تشویشات ہوں تو آپ مطالعے کے تحریری خلاصے میں درج فون نمبروں کا استعمال کر کے تحقیق کنندہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر تحقیق کے شرکت کنندہ کے طور پر اپنے حقوق کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں، یا اگر آپ کے ایسے سوالات، شکایات یا تشویشات ہوں جن کے بارے میں آپ کو لگتا ہو کہ آپ تحقیق کنندہ سے ان پر بات چیت نہیں کر سکتے، تو براہ کرم انسٹی ٹیوشنل ریویو بورڈ آفس سے مطالعے کے تحریری خلاصے میں درج فون نمبر یا ای میل پتہ استعمال کر کے رابطہ کریں۔

______________________	______________________	______________________
شرکت کنندہ کا نام	شرکت کنندہ کا دستخط	تاریخ

میں اس بات کی توثیق کرتا/ کرتی ہوں کہ میں اس تحقیقی مطالعے کے لیے رضامندی عمل کے دوران ایک مترجم کے طور پر موجود تھا/ تھی۔ میں اس بات کی توثیق کرتا/ کرتی ہوں کہ میں سند یافتہ ہوں اور میرے پاس شرکت کنندہ کی زبان اور انگریزی کے درمیان ترجمانی کرنے کے لیے ضروری اہلیت موجود ہے۔ اس فارم پر دستخط کر کے، میں اس بات کی توثیق کرتا/ کرتی ہوں کہ میں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق رضامندی حاصل کرنے والے تحقیق کنندہ اور شرکت کنندہ کے درمیان معلومات کے تبادلے کے لیے ایک پوری اور مکمل ترجمانی کی ہے۔

______________________	______________________	______________________
مترجم کا نام	مترجم کا دستخط	تاریخ